باب 10

# موسیقی سازی







- ہندوستانی کلاسیکی موسیقی ایک بہت قدیم روایت ہے جو ویدوں سے شروع ہوئی۔
- بعد میں، یہ دو اہم طرزوں میں تبدیل ہو گئی — کارنٹک یا جنوبی ہندوستانی کلاسیکی موسیقی اور ہندوستانی یا شمالی ہندوستانی کلاسیکی موسیقی۔
- ہندوستانی کلاسیکی موسیقی عموماً زبانی روایت کے ذریعے منتقل ہوئی ہے، جہاں شاگرد (ششیہ) اپنے گرو (استاد) کے ساتھ کئی سال گزار کر ایک خاص رشتہ بناتا ہے۔

4437CH10

© NCERT not to be republished

## راگ کیا ہے؟

راگ ہندوستانی کلاسیکی موسیقی میں ایک نغماتی (Melodic) شکل ہے جو سُروں کے مجموعے پر مبنی ہوتی ہے۔ سُروں کا جو سلسلہ اوپر کی طرف جاتا ہے اُسے آروہن یا آروہ (Arohana / Aroh) یعنی چڑھتے ہوئے سُر کا سلسلہ کہا جاتا ہے اور جو سُر نیچے کی طرف آتے ہیں انھیں اوروہن یا اوروہ (Avarohana / Avroh) یعنی اترنے والے سُر کا سلسلہ کہا جاتا ہے۔

## تال کیا ہے؟

تَال سُر کا ایک چکر ہے جو ہندوستانی کلاسیکی موسیقی میں وقت کو ناپنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ عام طور پر یہ موسیقی کے پورے حصے میں سُر کا ایک مسلسل اور منظم پیٹرن فراہم کرتا ہے۔

کارنٹک اور ہندوستانی موسیقی، دونوں کے اپنے الگ راگ اور تال کے نظام ہوتے ہیں۔ جب آپ ہندوستانی کلاسیکی موسیقی کی کوئی بندش سیکھتے ہیں، تو راگ اور تال کو جاننا بہت مددگار ثابت ہوتا ہے۔ کسی بندش کو گانے سے پہلے راگ کا آروہن یا آروہ اور اوروہن یا اوروہ گائیں اور تال کی گنتی کا خیال رکھیں۔





© NCERT not to be republished

## کارنٹک موسیقی:

### گیت: وندے میناکشی



نغمہ ساز:
متھُسوامی دکشتر

متھُسوامی دکشتر (1775– 1835) تمل ناڈو کے تنجور علاقے سے تعلق رکھنے والے ایک نغمہ ساز تھے اور وہ کارنٹک موسیقی کے تین عظیم موسیقاروں میں شامل ہیں۔ ان کی نغمہ سازی (compositions)، جن میں سے تقریباً 500 آج بھی معروف ہیں، خاص طور پر سنسکرت زبان میں ہیں۔

راگ: شنکرآبھرنم

آروہن: سا رے$_2$ گا$_3$ ما$_1$ پا دھا$_2$ نی$_3$ سا

اوروہن: سا نی$_3$ دھا$_2$ پا ما$_1$ گا$_3$ رے$_2$ سا

تال: ایکا

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

مشہور بنگالی نظم اِندی بِندی شِندی کی دھن وندے میناکشی سے ملتی جلتی ہے۔ اس نظم کو آن لائن تلاش کریں اور دونوں دھنوں کی مشابہت سنیں۔

سا، گا، سا، گا، سا، گا، ما گا رے سا ||
ون دے می نا کچھی توآم سا را سی جا ||
نی، رے، نی، رے، نی، رے، گا، رے، سا، نی ||
وک ترے پر نے در گے نا تا سو را ||
سا، گا، سا، گا، سا رے گا ما پا، ، ،||
بری ندے شک تے گو رو گو ھا پآ ||
ما گا رے سا گا رے سا نی سا،،، ،،،،||
لی نی جا لا رو ھا چھا را نی ||
سا، نی، دھا پا، ما، گا، ما، پا، دھانی ||
سون دا را پان دیا نان دی مآ یے ||
سا، نی دھا پا، ما، پا ،،، ،،،، ||
سو ری جا نا دھا رے ||
سا، نی دھا پا، پا ما گا، ما ما پا، دھا، ||
سون دا را جا سا ہو دا ری گو ری ||
ما گا رے سا گا رے سا نی سا،،، ،،،، ||
شو بھا کا ری سا تا تا ما ھم ||

### اپنے تال کو پہچانیے!

اس گیت میں ایکا تال چار ماتراؤں کے ایک چکر پر مشتمل ہے۔

گیت کا لنک: *http://tinyurl.com/Vande-Meenakshi*

© NCERT not to be republished

# گیت: شری گن ناتھ



**نغمہ ساز:**
**پورندرداس**

پورندرداس (1470 –1564) ایک موسیقار، گلوکار اور کرناٹک کے ہری داس کے فلسفی تھے۔ انھیں کارنٹک موسیقی کا بانی مانا جاتا ہے۔

راگ: ملہاری

آروہن: سا رے$_1$ ما$_1$ پا دھا$_1$ سا

اوروہن: سا ذھا$_1$ پا ما$_1$ گا$_3$ رے$_1$ سا

تال: روپک

## اپنے تال کو پہچانیے!

کارنٹک موسیقی میں روپک تال چھ ماتراؤں کے ایک چکر پر مشتمل ہوتا ہے۔

ماپا | دھا سنا سنا رنے || رنے سا | دھاپا ماپا ||
شری | گا نا نا تھا || سن دھو | را ورن ||
رے ما | پا دھا ما پا || دھا پا | ما گا رےسا ||
کا رو| نا سا گا را || کا ری | وا دا نا ||
سا، | رے ما گارے|| سا رے | گا رے سا، ||
لام | بو دا را || لا کو | می کا را ||
رے ما | پا دھاما پا || دھا پا | ما گا رے سا ||
ام | بآ سو تا || آ ما | را وی نو تا ||
سا، | رے ما گارے|| سا رے | گا رے سا، ||
لام | بو دا را || لا کو | می کا را ||
ما پا | دھاسا سا رے || رے سا | دھا پا ماپا ||
سی دھا | چھا را نا || گا نا | سے وی تا ||
رے ما | پا دھا ما پا || دھاپا | ما گا رے سا||
سی دھی | وی نا یا کا || تے | نا مو نا مو ||
سا، | رے ما گارے|| سا رے | گا رےسا،||
لام | بو دا را || لا کو | می کا را ||
ما پا | دھا سا سارے|| رے سا | دھا پا ما پا ||
سا کا | لا وی دیا || آ دی | پو جی تا ||
رے ما | پا دھا باپا|| دھاپا | ما گا رے سا ||
سا رے | و تا ما || تے | نا مو نا مو ||
سا، | رے ما گارے|| سا رے | گا رے سا،||
لام | بو دا را || لا کو | می کا را ||

© NCERT not to be republished

# تال کی زبان

## کوناک کول کیا ہے؟

گزشتہ سال کے نصاب سے آپ کو یاد ہوگا کہ ہم مخصوص بول کا استعمال کر کے تال کو زبان سے بیان کر سکتے ہیں۔ کارنٹک موسیقی میں اس طرزِ اظہار کو کوناک کول کہا جاتا ہے۔ اسی طرح ہندوستانی موسیقی میں تال کے اظہار کے لیے استعمال ہونے والی زبان کو بول کہا جاتا ہے۔

یہاں آپ کے لیے کوناک کول کی تین عبارات دی گئی ہیں جنھیں آپ آزما سکتے ہیں:

1. تا کی تا
2. تا کا دھی می
3. تا کا دھی می تا کا جھو نو

جب آپ ان فقروں کو دہراتے ہیں (جیسے: تا کی تا تا کی تا تا کی تا)، تو آپ ایک کوناک کول پیٹرن بنا لیتے ہیں۔ مندرجہ بالا گیتوں میں سے ہر ایک کے ساتھ کوناک کول کا کون سا پیٹرن میل کھاتا ہے؟




کیا آپ کلاس میں ایک عملی مظاہرہ آزمانا چاہیں گے، جس میں کچھ طلبا کوناک کول کریں کچھ گانا گائیں اور کچھ تال رکھیں؟ تنبورا یا کوئی ایپ استعمال کرنا نہ بھولیں۔

© NCERT not to be republished

## ہندوستانی موسیقی

### بندش

ہندوستانی موسیقی میں، کسی مخصوص راگ اور مخصوص تال میں ترتیب دی گئی دھن کو بندش کہا جاتا ہے۔

### راگ بھوپالی

آیئے ہم راگ بھوپالی میں ایک بندش سیکھتے ہیں۔ جس میں چڑھتے ہوئے (آروہ) اور اترتے ہوئے (اَوروہ) دونوں میں پانچ سُر ہوتے ہیں۔

سب سے پہلے راگ بھوپالی کا سُر گائیں۔

آروہن: سا رے گا پا دھا سا

اوروہ: سا دھا پا گا رے سا

### تین تال

ماترا: 16

وبھاگ: 4

اس بندش کو تین تال پر ترتیب دیا جاتا ہے جو کہ 16 ماترا والا تال ہے۔

آیئے تین تال سیکھتے ہیں۔




تالی: 1،5،13 ماترا

خالی: 9 ماترا پر

| تال کے نشان | X | | | | 2 | | | | 0 | | | | 3 | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ماترا | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| بول | دھا | دِھن | دِھن | دھا | دھا | دِھن | دِھن | دھا | دھا | تِن | تِن | تا | تا | دِھن | دِھن | دھا |

© NCERT not to be republished

## بندش — نمن کر چتور

تین تال

موسیقار: پنڈت وشنو نارائن بھات کھنڈے

نمن کر چتور شری گرو چرن
تن من نرمل کر بھو ترن
جے جے دھیاؤت شبھ پھل پاؤت
جنم مرن سب دُکھ نِستارن

| تال نمبر | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بول | دھا | دِھن | دِھن | دھا | دھا | دِھن | دِھن | دھا | دھا | تِن | تِن | تا | تا | دِھن | دِھن | دھا |
| سُر بندی | | | | | | | | | نا | ما | نا | کا | را | چھا | تو | را |
| | | | | | | | | | سا‘ | سا‘ | دھا | پا | گا | رے | سا | رے |
| سُر بندی | شری | ی | گُ | رو | چا | را | نا | ~ \| | تا | نا | ما | نا | نی | را | ما | لا |
| | سا | ’دھا | سا | رے | گا | رے | گا | ~ \| | گا | گا | پا | دھا | سا‘ | دھا | سا‘ | سا‘ |
| سُر بندی | کا | را | بھا | وا | تا | را | نا | ~ \| | | | | | | | | |
| | سا‘ | پا | دھا | پا | گا | رے | سا | ~ \| | | | | | | | | |
| سُر بندی | | | | | | | | | جے | ی | جے | ی | دھیا | ~ | وا | تا |
| | | | | | | | | | گا | گا | گا | گا | پا | ~ | سا‘ | دھا، |
| سُر بندی | شو | بھا | پھا | لا | پا–ا | آ | وا | تا\| | جا | نا | ما | ما | را | نا | سا | با |
| | سا‘ | سا‘ | سا‘ | سا‘ | سا‘سا‘ | رے‘ | سا‘ | سا‘\| | سا‘ | رے‘ | گا‘ | رے‘ | سا‘ | رے‘ | سا‘ | پادھا |
| سُر بندی | دو | کھا | نی | سا | تا | را | نا | ~ \| | | | | | | | | |
| | سا‘ | پا | دھا | پا | گا | رے | سا | ~ \| | | | | | | | | |

© NCERT not to be republished

| جائزہ — باب 10: موسیقی سازی | | | |
|---|---|---|---|
| لیاقتیں | آموزشی ماحصل | استاد | طالب علم |
| سی-2.2 | موسیقی کے اجزا جیسے راگ اور تال کو سمجھنے کی صلاحیت رکھنا | | |
| سی-1.1 | سادہ کوناک کول کے پیٹرن سیکھنا اور دہرانا | | |
| سی-2.2 | راگ کی آروہن (چڑھائی) اور اوروہن (اتار) کو گانے کے قابل ہونا | | |
| سی-1.1 | گانا سنتے ہوئے تال یا تھاپ کے ساتھ ہم آہنگی برقرار رکھنا | | |
| سی-3.1 | نئے گیت اور موسیقی کی مختلف شکلیں سیکھنے میں دل چسپی لینا | | |

**طالب علم کے اوصاف کے بارے میں استاد کے تاثرات** ______________________

______________________

**طالب علم کی کمیوں کے بارے میں استاد کے تاثرات** ______________________

______________________

**کوئی اور مشاہدہ** ______________________

______________________

© NCERT not to be republished